الادب المفرد

کتاب زندگی

حضرت امام بخاریؒ

نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی

کتابِ زندگی

اردو ترجمہ

الادب المفرد

اُن احادیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و آثارِ صحابہؓ کا بیش بہا مجموعہ جو تمام تر شخصی اخلاق، خاندانی تعلقات، انسانی حقوق، معاشرے اور قومی فرائض سے متعلق ہیں
یہ کتاب ایک مسلمان مرد یا عورت کی اخلاقی زندگی کے لئے وہ سرچشمۂ ہدایت ہے جو خود ہادئ عالم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال پر مشتمل ہے، جسے دنیائے اسلام کے سب سے بڑے محدث حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے جمع کر کے امتِ اسلامیہ کیلئے محفوظ کیا

از
حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ

مترجم
علامہ سید عبدالقدوس ہاشمی ندوی

نفیس اکیڈمی

اسٹریچن روڈ۔ کراچی ۱ (پاکستان)

مالک
نفیس کتب بمعہ ال... ... ... ہیں
۹۹۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور
نمبر......16076......

آفسٹ ایڈیشن

طبع دہم ——— اپریل ۱۹۸۳ء
ضخامت ——— ۳۶۸ صفحات
فون نمبر ——— ۲۱۳۳۰۲

قیمت

مجلد بمعہ پلاسٹک کور ——— روپے

طابع

نفیس اکیڈیمی آفسٹ پرنٹرز

کراچی، فون ۲۳۶۲۲

پیشاب یا خانہ کی فرورت سے بے تاب ہو۔ اس سے فارغ ہولے۔ ابو عبداللہ (امام بخاریؒ) کہتے ہیں کہ اس باب میں صحیح ترین حدیث یہی ہے۔

(۳۸) جو سلام کرکے گھر میں داخل ہوا اس کی فضیلت

حضرت ابوامامہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تین وہ ہیں جو سب کے سب اللہ عزوجل کی ضمانت میں ہیں۔ اگر زندہ رہے تو اللہ تعالیٰ اُس کے لئے کافی ہے اور اگر مرگئے تو جنت میں جائیں گے۔ جو سلام کرکے گھر میں داخل ہوا وہ اللہ عزوجل کی ضمانت میں ہے۔ جو مسجد کی طرف چلا وہ اللہ عزوجل کی ضمانت میں ہے، اور جو جہاد فی سبیل اللہ کے لئے نکلا وہ اللہ عزوجل کی ضمانت میں ہے۔

جابر کہتے ہیں کہ جب اپنے اہل وعیال کے پاس آؤ تو ان کو سلام کرو۔ اللہ کی طرف سے جابرکت وطیب سلام کہا کہ میں اسے نہیں دیکھتا ہوں۔ مگر وہ ضرور ہے کہ اللہ کے قول کو۔ (جب تم کو سلام کیا جائے تو اس سے بہتر جواب دو یا برابر سے جواب دیدو۔)

(۳۹) گھر میں داخل ہوتے ہوئے خدا کو نہ یاد کیا تو اس گھر میں شیطان رہے گا

جابر بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب کوئی شخص اپنے گھر میں داخل ہوتے ہوئے اللہ عزوجل کو یاد کرتا ہے اور کھانے پر خدا کا نام لیتا ہے تو شیطان کہتا ہے نہ یہاں کھانا ہے اور نہ ٹھکانا۔ اور جب بغیر خدا کا نام لئے گھر میں داخل ہوجاتا ہے تو شیطان کہتا ہے ٹھکانا تو پالیا۔ اور اگر اس نے کھانے پر بھی خدا کا نام نہ لیا تو کھانا بھی پالیا اور ٹھکانا بھی۔

(۴۰) جہاں اجازت نہیں مانگی جاتی

اعین الخوارزمی بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت انسؓ کے پاس آئے۔ وہ اپنی دہلیز پر بیٹھے تھے۔ کوئی اور ان کے پاس نہ تھا۔ میرے ساتھی نے سلام کیا اور کہا کہ کیا